اور خبیث' مضر اور ناپاک چیزوں کو حرام ٹھہرایا ہے۔ اس کتاب کا عربی ایڈیشن بہت مقبول ہوا اور بڑی تعداد میں شائع کیا گیا اور عام ہوا۔ سعودی عرب کے مفتی عبدالعزیز بن باز نے اس کتاب کے مطالعے کے بعد اسے مفید اور عمدہ قرار دیا جو اس کے مستند ہونے پر دال ہے۔

مترجم نے جگہ جگہ بات کو مزید واضح کرنے کے لئے مفید اور مناسب حواشی کا اضافی بھی کر دیا ہے جس سے کتاب کی افادیت میں اضافہ ہو گیا ہے۔

کتاب خوبصورت اور دیدہ زیب ٹائٹل کے ساتھ سفید کاغذ پر خوشنما انداز میں کمپوز کی گئی ہے۔ اخلاقی تعلیمات پر مشتمل ہونے کی وجہ سے ہر مسلمان گھر میں اس کا پڑھا جانا مفید رہے گا۔

(۲)

نام کتاب : سوانح قائد ملت حضرت مولانا مفتی محمود
مصنف : مولانا عبدالقیوم حقانی
ضخامت : 336 صفحات
قیمت : 120 روپے
ملنے کا پتہ : القاسم اکیڈمی' جامعہ ابو ہریرہ' خالق آباد' نوشہرہ (سرحد)

القاسم اکیڈمی جامعہ ابو ہریرہ کا نام مستند' معیاری اور خوبصورت کتابوں کی اشاعت کے لئے معروف و مشہور ہے۔ ''سوانح قائد ملت حضرت مولانا مفتی محمود'' حال ہی میں اکیڈمی کی مطبوعات میں ایک اچھے اضافے کے طور پر سامنے آئی ہے جس میں مفتی محمود صاحب کی زندگی کے حالات نہایت اچھے انداز میں پیش کئے گئے ہیں۔ مفتی صاحب کے تعارف کے لئے اس کتاب میں کافی مواد موجود ہے۔ اس کتاب کے مؤلف مولانا عبدالقیوم حقانی اپنے سادہ مگر شگفتہ اور دلکش اندازِ تحریر میں منفرد مقام کے حامل ہیں۔ ان کے قلم میں تسلسل' روانی اور برجستگی پائی جاتی ہے۔ منظر کشی میں وہ ید طولیٰ رکھتے ہیں۔ جب کوئی واقعہ بیان کرتے ہیں تو ایسا محسوس ہوتا ہے